© rasailojaraid.com

احباب کے لیے یہ کتاب ایک گرانقدر تحفہ ہے۔

## ارشاد المعلمین الیٰ تعلیم القرآن الکریم

**مؤلف: قاری سید محمد سلیم رحیمی۔ صفحات: 107۔ قیمت: لکھی نہیں۔**

**ملنے کا پتا: مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ فون: 081-2662263**

یہ کتاب درجہ حفظ کے اساتذہ کی رہنمائی کے لئے مرتب کی گئی ہے۔ حفظ کے طلبہ کو پڑھانے، ان کے اسباق، سبقی، منزل سننے کی ترتیب، بچوں کی غلطیوں، شرارتوں پر تنبیہ کا انداز کیا ہو؟ بچوں کے متعلق اصلاحی امور، سبق کی مقدار، سبق دیتے وقت قواعد تجوید کا خیال، سبق زبانی یاد کرانے کا طریقہ کار، آموختہ سننے کا طریقہ، بھولی ہوئی منزل یاد کرانے کا طریقہ، سننے والی جوڑی کے بارے میں کن باتوں کا لحاظ ضروری ہے۔ بچوں کی تربیت اور ذہن سازی وغیرہ...... یہ اور اس طرح کے کئی دیگر مفید عنوانات پر بہت بھلی اور قابل قدر معلومات اور ہدایات بتائی گئی ہیں۔ جن کا لحاظ رکھتے ہوئے حفظ قرآن کے اساتذہ نہ صرف کامیاب مدرس بن سکتے ہیں بلکہ ہر دل عزیز بھی ہو سکتے ہیں۔

## طریق الاعمال

پیدائش سے قبر تک مع متفرق مجموعہ مضامین

**مرتب: سید محمد شاہ گیلانی۔ صفحات: 270۔**

**ملنے کا پتا: مدرسہ معارف العلوم بستی سید عابد شاہ نزد وہاڑی روڈ حاصل پور۔ 0300-7855010**

کتاب کے نام سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ یہ تصوف و سلوک کے سلسلے میں کوئی کتاب ہوگی، مگر ایسا نہیں ہے، یہ کتاب کشکول کے انداز میں مرتب کی گئی ہے۔ طریق الاعمال دراصل زندگی کے مختلف مراحل میں پیش آنے والے مسائل و معاملات کے بارے میں ہلکے پھلکے انداز میں رہنمائی دی گئی ہے، مثلاً طہارت، نماز، میت، روزہ، صدقہ، حج، قربانی، زکوٰۃ، عشر، میاں بیوی کے باہمی تعلق، بچوں کی پیدائش، پرورش، تربیت، میک اپ کا استعمال، شادی کی رسوم، مسجد میں سماجی تقریبات، تعلیم کی فیس، ڈائجسٹ پڑھنا، عورت کا درزی سے کپڑے سلوانا، ٹراوزر کا استعمال، بیوٹی پارلر، چہرے کی سرجری، انعامی اسکیمیں، پرائز بانڈ وغیرہ اور اس طرح کے دیگر کئی روزمرہ مسائل پر خصوصیت کے ساتھ شرعی رہنمائی دی گئی ہے۔ آغاز میں حضرت مولانا مفتی سید محمد مظہر اسعدی مدظلہم، حضرت مولانا عبداللہ اسعدی مدظلہم کی تقریظات شامل ہیں۔



© rasailojaraid.com